کراچی ٹیسٹ کے پہلے روز باؤلرز کا راج، 13وکٹیں گرگئیں

لاہور،19دسمبر2019ء:

پاکستان اور سری لنکا کے درمیان نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں جاری دوسرے ٹیسٹ میچ میں مہمان ٹیم نے دن کے اختتام پر 3وکٹوں کے نقصان پر 64 رنزبنالیے ہیں۔ اس سے قبل پاکستان کی پوری ٹیم پہلی اننگز میں191 رنز بناکر آؤٹ ہوگئی۔ سری لنکا کے لاہیرو کمارا اورلسیتھ ایمبلدینیا نے 4،4کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

آئی سی سی ٹیسٹ چیمپئن شپ میں شامل کراچی ٹیسٹ کے پہلے روز 13 وکٹیں گریں ۔باؤلرز کے نام رہنے والے کھیل کے پہلے روز کے آخری سیشن میں باؤلرز نے مجموعی طور پر آٹھ کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی، جس میں 5 پاکستانی اور 3سری لنکن بلے باز شامل تھے۔ پاکستان کی آخری6وکٹیں اسکور بورڈ پر محض24 رنز کا اضافہ ہی کرسکیں۔

میزبان ٹیم کے کپتان اظہر علی نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا جو سودمند ثابت نہ ہوسکا اور پوری ٹیم 59.3اوورز میں 191 رنز بناکر آؤٹ ہوگئی۔ پاکستان کرکٹ ٹیم کے صرف تین کھلاڑی ہی ڈبل فگرز میں داخل ہوسکے۔

مڈل آرڈر بیٹسمین اسد شفیق اوربابر اعظم نے نصف سنچریاں بنائیں۔ اسد شفیق 63 اور بابراعظم 60 رنزبناکر آؤٹ ہوئے۔ پاکستان کی جانب سے ڈبل فگر میں داخل ہونے والے تیسرے بیٹسمین عابد علی تھے وہ 38 رنزبناکر آؤٹ ہوئے۔

سری لنکا کی جانب سے لاہیرو کمارا نے 49 جبکہ لسیتھ ایمبلدینیانے 71 رنز دے کر 4،4 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

جواب میں مہمان ٹیم کی جانب سے اننگز کا آغاز بھی متاثر کن نہ رہا - 28 کے مجموی اسکور پر پہلی وکٹ گنوانے کے بعد کپتان ڈیموتھ کارونارتنے نے کوشال مینڈس کے ہمراہ میزبان باؤلرز کے خلاف مزاحمت کی کوشش کی تاہم وہ بھی 25 کے انفرادی اسکور پرہمت ہارگئے۔ کوشال مینڈس 13 رنز بناکر آؤٹ

ہوئے۔ محمد عباس 2 اور شاہین شاہ آفریدی 1 وکٹ حاصل کرچکے ہیں۔

میچ کے پہلےروز سری لنکا نے 19 اوورز میں 3وکٹوں کےنقصان پر 64 رنزبنالیے ہیں۔سری لنکا کی جانب سے اینجلو میتھیوز 8 اور لسیتھ ایمبلدینیا 3 کے انفرادی اسکور سے کھیل کے دوسرےروز کا آغاز کریں گے۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk